रोल नं. | | | | | | | | |

मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 8

**004**

**204(HHB)**

# 2025

## उर्दू

## اردو

समय : 3 घण्टे]

[पूर्णांक : 80

1 اس سوال نامے میں کل 18 سوالات ہیں۔

2 جوابی کاپی میں جواب لکھنے سے پہلے سوال کا نمبر وہی لکھیں جو سوال نامے میں لکھا ہے۔

3 سوال نامے پر رول نمبر کے علاوہ کچھ بھی نہ لکھیں۔

4 جواب خوشخط لکھیں۔

5 یہ سوال نامہ چار حصوں پر مشتمل ہے۔ جواب سلسلے وار حل کریں۔

''حصّہ الف''

سوال نمبر: 1 مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے :

5x1=5

زبان اپنے وسیع معنی میں خیالات ظاہر کرنے کا ذریعہ ہے۔ جانوروں کی چیخیں بھی ایک حد تک زبان کہی جاسکتی ہیں۔ بشرطیکہ ان کے دل کی حالت ظاہر کریں۔ الفاظ بامعنی آوازیں ہیں۔ چرند اور پرند بھی ایسی آوازیں نکالتے ہیں جن کے معنی ہوتے ہیں۔ وہ خوف ظاہر کرتے ہیں۔ خوشی اور خواہش بھی ظاہر کرسکتے ہیں مگر اپنے خیالات ظاہر نہیں کرسکتے۔ جانداروں میں ایک انسان ہی

ہے جو کچھ وہ محسوس کرتا ہے اور سوچتا ہے اس کو بیان بھی کر سکتا ہے۔ زبان وہ چیز ہے جس پر تمام انسانی تعلقات قائم ہیں۔ یہ الفاظ سے بنتی ہے اور الفاظ سانچہ ہیں جن میں خیالات ڈھلتے ہیں، چنانچہ ہر لفظ جو کسی چیز کے لیے بنتا ہے اس میں کوئی نہ کوئی خیال لپٹا ہوتا ہے۔

سوالات:-

(i) خیالات کے اظہار کا ذریعہ کیا ہے؟ صحیح جواب کا انتخاب کر لکھیں۔

(A) معنی (B) تعلیم (C) زبان (D) احساس

(ii) بامعنی آوازیں کسے بتایا گیا ہے؟ صحیح جواب چن کر لکھیں۔

(A) زبان (B) الفاظ (C) خیالات (D) اشارہ

(iii) انسانی تعلقات کس چیز پر قائم ہیں؟ ایک لفظ میں جواب دیجئے۔

(iv) جانداروں میں انسان کی خصوصیات کیا ہیں؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) الفاظ اور خیالات کا کیا تعلق ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

سوال نمبر 2. درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور پر پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 5x1=5

برسات کا بج رہا ہے ڈنکا
اک شور ہے آسماں پہ برپا
پانی سے بھرے ہوئے ہیں جل تھل
ہے گونج رہا تمام جنگل
کرتے ہیں پپیہے پیہو پیہو
اور مور چنگھاڑتے ہیں ہر سو
کوئل کی ہے کوک جی لبھاتی
گویا کہ ہے دل میں بیٹھ جاتی
مینڈک جو ہیں بولنے پہ آتے
سنسار کو سر پہ ہیں اٹھاتے

(i) اس اقتباس میں کتنے پرندوں کے نام آئے ہیں؟ صحیح جواب چن کر لکھیں۔

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

(ii) جنگل گونجنے کی کیا وجہ ہے؟ صحیح جواب چن کر لکھیں۔

(A) ڈنکا بجنا (B) گھٹا چھانا (C) پانی بھرنا (D) کوئل کوکنا

(iii) سنسار کو سر پہ کون اٹھا رہے ہیں؟ ایک لفظ میں جواب دیجیے۔

(iv) برسات میں آسمان کا کیا حال ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) کوئل کی کوک دل میں کیوں بیٹھ گئی؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

سوال نمبر 3. مندرجہ ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے:

5x1=5

بچپن میں سرسید پر نہ تو ایسی قید تھی کہ کھیلنے کودنے کی بالکل پابندی ہو اور نہ ایسی آزادی تھی کہ جہاں چاہیں اور جن کے ساتھ چاہیں کھیلتے کودتے پھریں۔ ان کی بڑی خوش نصیبی یہ تھی کہ خود ان کے ماموں ان کی خالہ اور دیگر نزدیکی رشتہ داروں کے چودہ پندرہ لڑکے ان کے ہم عمر تھے جو آپس میں کھیلنے کودنے کے لئے کافی تھے۔ اس لیے انھیں نوکروں اور اجلافوں کے بچوں اور اشرافوں کے آوارہ لڑکوں سے ملنے جلنے اور ان کے ساتھ کھیلنے کا کبھی موقع نہیں ملا۔ ان کے بزرگوں نے یہ اجازت دے رکھی تھی کہ جس کھیل کو تمھارا جی چاہے شوق سے کھیلو مگر کسی کھیل کو چھپا کر مت کھیلو۔ اس لیے سب لڑکے جو کھیل کھیلتے تھے اپنے بڑوں کے سامنے کھیلتے تھے۔ ان کے کھیلوں میں کوئی بات ایسی نہ ہوتی تھی جو اپنے بزرگوں کے سامنے نہ کر سکیں۔

(i) درج بالا اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟ صحیح جواب چن کر لکھیں۔

(A) الطاف حسین حالی (B) سعادت حسن منٹو

(C) مولوی عبدالحق (D) اسلم پرویز

(ii) یہ اقتباس ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟ صحیح جواب چن کر لکھیں۔

(A) غزل (B) سوانح (C) افسانہ (D) ڈرامہ

(iii) اقتباس میں لفظ ''قید'' کا متضاد تلاش کیجیے؟

(iv) چودہ پندرہ ہم عمر لڑکے کون تھے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) بزرگوں نے کیا اجازت دے رکھی تھی؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

سوال نمبر.4 درج ذیل درسی شعری اقتباس کوغور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 5x1=5

اچھے اچھوں کو بھٹکا دیکھا، بھیڑ میں کھاتے جھٹکا دیکھا
منھ کو اگرچہ لٹکا دیکھا، دل دربار سے اٹکا دیکھا
ہاتھی دیکھے بھاری بھرکم، ان کا چلنا کم کم تھم تھم
زرّیں جھولیں نور کا عالم، میلوں تک وہ چم چم چم چم

(i) مندرجہ بالا اشعار نظم ''جلوۂ دربار دہلی'' سے لیے گئے ہیں۔ اس نظم کے شاعر کون ہیں؟ صحیح جواب کا انتخاب کر لکھیں؟

(A) نظیر اکبر آبادی (B) اکبر الہ آبادی

(C) جوش ملیح آبادی (D) اختر شیرانی

(ii) ''اچھے اچھوں'' سے کیا مراد ہے؟ صحیح جواب چن کر لکھیں۔

(A) بڑے بڑے لوگ (B) درباری لوگ

(C) سوکاری لوگ (D) انگریز لوگ

(iii) منھ لٹکے کے باوجود لوگوں کے دل میں کیا اٹکا ہوا تھا؟ ایک لفظ میں لکھیں۔

(iv) ہاتھی کس طرح چل رہے تھے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) بھیڑ میں جھٹکا کون کھا رہے تھے؟ ایک جملے میں جواب لکھیں۔

''حصہ ب'': تحریری مہارت

سوال نمبر.5 درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر 300-250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے: 10

(i) ماحول کی آلودگی

(ii) پسندیدہ استاد

(iii) وقت کی اہمیت

سوال نمبر.6 بڑے بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے دو دن کی چھٹی کی درخواست اپنے اسکول کے پرنسپل صاحت کے نام لکھیے: 4

یا

آپ کو کتابیں خریدنے کے لیے رقم کی درکار ہے، اس کے لیے اپنے والد صاحب کو ایک خط لکھیے؟

سوال نمبر 7. افسانہ ''بھولا'' یا ''نیا قانون'' کا خلاصہ 100 الفاظ میں تحریر کیجیے؟ 4

یا

سر سید احمد خاں کی سوانح 100 الفاظ میں لکھیے؟

سوال نمبر 8. ذوق یا سودا کی غزل گوئی پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے؟ 3

یا

نظم ''گرمی اور دیہاتی بازار'' میں شاعر نے دیہاتی بازار کی منظر کشی کس طرح پیش کی ہے؟ 100 الفاظ میں لکھیے۔

سوال نمبر 9. درج ذیل میں سے کنہیں دو سوالوں کے جواب لکھیے: 2x2=4

(i) گلی ڈنڈے کو کھیلون کا راجہ کیون کہا جاتا ہے؟

(ii) آئی۔سی۔ایس۔ بننے کے بعد وحید میں کیا تبدیلیان آئیں؟

(iii) ہٹے کٹے فقیر کو دیکھ کر مصنف کی کیا حالت ہوئی؟

(iv) ''دو فرلانگ لمبی سڑک'' افسانے کی کسی ایک واردات کو لکھیے؟

''حصہ ج'': قواعد

سوال نمبر 10. فعل سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

(i) وہ کام جو موجودہ وقت میں ہو رہا ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟ صحیح جواب چنیں؟ 1

(A) فعل ماضی (B) فعل حال

(C) فعل مستقبل (D) ان میں سے کوئی نہیں

(ii) جس فعل کا فاعل معلوم ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟ صحیح جواب چن کر لکھیں؟ 1

(A) فعل معروف (B) فعل مجہول

(C) فعل معروف اور فعل مجہول دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

(iii) فعل مجہول کسے کہتے ہیں؟ صحیح جواب چن کر لکھیں؟ 1

(A) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو

(B) وہ فعلا جس میں کام کا کرنا نہیں بلکہ ہونا پایا جاتا ہے

(C) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو

(D) ان میں سے کوئی نہیں

(iv) درج ذیل جملوں میں بتایئے کہ ان میں فعل کی کون سی قسم ہے؟ صحیح جواب چنیں۔ 2x1=2

(a) لڑکیاں کھیل رہی ہیں (فعل حال/فعل مستقبل/فعل ماضی)

(b) شاکر نے خط لکھا (فعل حال/فعل مستقبل/فعل ماضی)

سوال نمبر. 11 علم بیان اور علم بدیع سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

(i) درج ذیل شعر کو غور سے پڑھیے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 3x1=3

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(a) اس شعر میں کس چیز کو تشبیہہ دی گئی ہے

(b) کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے

(c) تشبیہ کی وجہ بتایئے

(ii) درج ذیل میں سے کسے تلمیح کہتے ہیں؟ صحیح جواب چن کر لکھیں: 1

(A) کلام مین کسی بات کا فرضی سبب بیان کرنا

(B) کلام میں کسی مشہور واقع کی طرف اشارہ کرنا

(C) کلام میں متضاد الفاظ جمع کرنا

(D) کسی لفظ کو مجازی معنی میں استعمال کرنا

(iii) استعارہ کا استعمال کرتے ہوئے کوئی ایک شعر لکھیے: 1

سوال نمبر. 12 محاوروں اور کہاوتوں سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

(i) درج ذیل میں سے تین محاوروں اور کہاوتوں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے: 3x1=3

(a) نو دو گیارہ ہونا

(b) عید کا چاند ہونا

(c) کافور ہونا

(d) آم کے آم گٹھلیوں کے دام

(e) چور کی داڑھی میں تنکا

(ii) عام طور پر جس کے پیچھے کوئی نہ کوئی روایت یا کہانی ہوتی ہے۔ اسے کیا کہتے ہیں؟ صحیح جواب چن کر لکھیں: 1

(A) محاورہ (B) کہاوت (C) فقرہ (D) روزمرّہ

(iii) درج ذیل میں بتائیے کہ کس محاورے کا استعمال ہوا ہے؟ 1

''ہندوستان کے بڑے بڑے شہروں میں بہت سی عمارتیں آسمان سے باتیں کرتی نظر آتی ہیں''۔

سوال نمبر 13. رموز اوقاف سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: 2

| رموز اوقاف | علامت |
|---|---|
| ختمہ | ، |
| سکتہ | ۔ |
| استفہامیہ/سوالیہ | : |
| رابطہ | ؟ |

سوال نمبر 14. شعری اصطلاحات کے بارے میں درج ذیل سوالون کے جواب دیجیے:

(i) درج ذیل شعر کے قافیے بتائیے: 1

بہار بے سپر جام و یار گزرے ہے
نسیم تیر سی چھاتی کے پار گزرے ہے

(ii) غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں، کیا کہلاتے ہیں؟ 1

(A) مقطع (B) مطلع (C) ردیف (D) قافیہ

(iii) کوئی مقطع لکھیے: 1

''حصہ د'': ادب (درسی کتب)

سوال نمبر 15. درج ذیل میں سے کنہیں دوسوالوں کے جواب مختصر لکھیے: 2x2=4

(i) کہانی سنتے وقت بھولا خوش کیوں نہیں تھا؟

(ii) مایا مکھن کب جمع کرتی تھی؟

(iii) نئے قانون کے آنے کی خبر سے منگو کوچوان کیون خوش تھا؟

(iv) مردوں کو عورتوں کے ساتھ کس طرح کا سلوک کرنا چاہیے؟

سوال نمبر 16. درج ذیل سوالوں میں سے کنہیں دوسوالوں کے مختصر جواب لکھیے: 2x2=4

(i) درج ذیل شعر کا مطلب لکھیے اور اس کے شاعر کا نام بھی بتایئے:

ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے ابھی چلے

(ii) شاد عظیم آبادی کی غزل ''نایاب ہیں ہم'' کا کیا مطلب ہے؟

(iii) اکبرالہ آبادی نے دہلی جا کر دربار دہلی میں کیا کیا دیکھا؟

(iv) ''لُو'' کو روح فرسا کیوں کہا گیا ہے؟

سوال نمبر 17. درج ذیل میں سے کنہیں دوسوالوں کے مختصر جواب لکھیے: 2x2=4

(i) مصنف کو فقیرون سے کیوں بغض تھا؟

(ii) بہوبیگم کے کردار کی خوبیاں بیان کیجئے؟

(iii) سڑک کے کسی عام منظر کو بیان کیجئے؟

(iv) گلی ڈنڈا کس طرح کھیلا جاتا ہے؟

سوال نمبر 18. درج ذیل میں سے کسی ایک پر مفصل لکھیے: 3

(i) افسانہ

(ii) غزل

(iii) آپ بیتی